© rasailojaraid.com



کتابت طباعت بہتر سالانہ چندہ تین روپیہ پتہ :- انجمن اسلام ۹۲ ہاربنی روڈ بمبئی۔

نوائے ادب بمبئی کی انجمن اسلام اردو ریسرچ انسٹیٹیوٹ کا سہ ماہی رسالہ ہے جو جنوری ۱۹۵۰ء سے نکلنا شروع ہوا ہے اب تک اس کے تین نمبر نظر سے گذرے ہیں اور اس میں کوئی شک نہیں کہ ہر نمبر میں اردو ادب و شعر سے متعلق محققانہ، سنجیدہ اور تنقیدی مقالات شائع ہوئے ہیں جن کے پیش نظر بے تکلف کہا جا سکتا ہے کہ تقسیم ملک کے بعد "سہ ماہی اردو" کے دہلی سے کراچی منتقل ہو جانے سے جو خلا پیدا ہو گیا تھا اس کو اس رسالہ نے پُر کر دیا ہے علاوہ معیاری مقالات کے نوائے ادب نے ایک مفید جدت یہ کی ہے کہ اس کی ہر اشاعت میں "مقالہ نما" کے عنوان سے ہند اور پاکستان کے تمام قابل ذکر رسالوں کے مضامین و مقالات کا خلاصہ مختلف عنوانات کے ماتحت حروف تہجی کی ترتیب سے درج کیا جاتا ہے جس کو پڑھ کر ایک شخص بہت تھوڑے وقت میں یکجا طور پر دونوں ملکوں کی علمی و ادبی سرگرمیوں کا حال معلوم کر سکتا ہے خوش قسمتی سے بمبئی میں اس وقت اردو زبان کے نامور ادیبوں، محققوں اور نقادوں کا اچھا اجتماع ہے اور وہ سب انجمن سے وابستہ معلوم ہوتے ہیں اس لئے امید ہے کہ یہ رسالہ اپنے مقاصد کی تکمیل باحسن وجوہ کرے گا ارباب ذوق کو اس رسالہ کی ہر نوع حوصلہ افزائی کرنی چاہئے۔

**کرن** ایڈیٹر جناب محمد عبدالغنی صاحب عزیزی تقطیع متوسط ضخامت ۵۲ صفحات کتابت طباعت بہتر۔ سالانہ چندہ پانچ روپے۔

یہ رسالہ ستمبر ۱۹۵۸ء سے گیا سے نکلنا شروع ہوا ہے اس میں دلچسپ افسانے نظمیں، غزلیں اور ہلکے پھلکے مقالات و مضامین سب کچھ ہوتے ہیں ہر مضمون اور افسانہ میں کسی نہ کسی افادی مقصد کو پیش نظر رکھا جاتا ہے عریانی اور آج کل کی بدنام ترقی پسندی سے اس کا دامن پاک ہے علاوہ ادبی اور علمی خدمت کے بہار کی ایک بڑی علمی



© rasailojaraid.com